MACMILLAN CANCER SUPPORT

Sepsis and cancer: Urdu

# عفونت (سیپسِس) اور کینسر

کینسر اور کینسر کے چند ایک علاج آپ کے جسم میں عفونت کے خطرے میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ یہ پرچہ وضاحت کرتا ہے:

- عفونت کیا ہوتی ہے
- آپ کو اپنی ہسپتال کی ٹیم سے کب رابطہ کرنا چاہیے
- اپنے آپ کو بچانے کے لیے آپ خود کیا کر سکتے ہیں۔

کوئی بھی الفاظ جو خط کشیدہ ہیں، ان کی تشریح اختتام پر الفاظ کی فہرست میں موجود ہے۔ الفاظ کی فہرست میں یہ بھی شامل ہے کہ ان الفاظ کو انگریزی میں کیسے بولنا ہے۔

اگر ان معلومات کے متعلق آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو آپ جس ہسپتال میں زیرِ علاج ہیں اس کے ڈاکٹر یا نرس سے پوچھیں۔

آپ ہفتے کے 7 دن، صبح 8 سے شام 8 بجے تک فری فون **0808 808 00 00** پر میک ملن کینسر سپورٹ (Macmillan Cancer Support) کو بھی کال کر سکتے ہیں۔ ہمارے پاس ترجمان موجود ہیں، لہٰذا آپ ہمارے ساتھ اپنی مادری زبان میں بات کر سکتے ہیں۔ جب آپ ہمیں کال کرتے ہیں، تو براہ کرم ہمیں انگریزی میں بتائیں کہ آپ کو کون سی زبان چاہیے۔

کینسر کے متعلق **macmillan.org.uk/translations** پر دیگر زبانوں میں مزید معلومات موجود ہیں

## یہ معلومات درج ذیل کے متعلق ہے:

- عفونت کیا ہے؟
- مجھے عفونت کیوں ہو سکتی ہے؟
- عفونت کا عمل کب ہو سکتا ہے؟
- مجھے عفونت ہونے کا خطرہ کیا ہے؟
- کیا میرا جسم عفونت سے بچ سکتا ہے؟
- میں اپنی مدد خود کیسے کر سکتا ہوں؟
- کینسر کے علاج سے پہلے اپنی دیکھ بھال کرنا
- کینسر کے علاج کے دوران اپنی دیکھ بھال کرنا
- انفیکشن کی وہ علامات جن سے عفونت ہو سکتی ہے
- عفونت کی تاخیری علامات – 999 پر کال کریں
- اپنی ہسپتال کی ٹیم کو کال کرنے پر کیا ہو گا؟
- اپنے لیے درست نگہداشت اور معاونت حاصل کرنا
- میک ملن (Macmillan) آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے
- الفاظ کی فہرست
- آپ کی زبان میں مزید معلومات
- حوالہ جات اور تشکرات

## عفونت کیا ہے؟

عفونت کو بعض اوقات بلڈ پوائزننگ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ اس وقت ہوتا ہے جب آپ کا جسم کسی انفیکشن پر ردعمل دیتا ہے اور اپنے ہی اعضاء اور بافتوں پر حملہ کرنا شروع کر دیتا ہے۔

عفونت کا ہسپتال میں فوری علاج کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر عفونت کا جلدی علاج نہ ہو، تو اس سے لوگ مر بھی سکتے ہیں۔

اگر عفونت کا فوری علاج ہو جائے، تو زیادہ تر لوگ مکمل صحت یاب ہو جاتے ہیں

## مجھے عفونت کیوں ہو سکتی ہے؟

کینسر اور اس کے کچھ علاجوں کی وجہ سے آپ کا جسم انفیکشن سے نہیں لڑ سکتا۔

ہمارے اجسام چھوٹی چھوٹی اینٹوں سے مل کر بنے ہوتے ہیں جنہیں خلیات کہا جاتا ہے۔ ہمارا جسم خلیوں سے مل کر بنا ہوتا ہے، بشمول سرخ خلیے اور سفید خلیے۔

سفید خلیوں کی ایک قسم انفیکشن کے خلاف لڑائی میں ہمارے جسم کی مدد کرتی ہے۔ ان خلیوں کو نیوٹروفلز کہا جاتا ہے۔ کینسر کے کچھ علاج ہمارے جسم میں ان سفید خلیوں کی تعداد کو کم کر دیتے ہیں۔ کیموتھراپی کی صورت میں یہ عام مسئلہ ہے مگر کینسر کے علاجوں کی دیگر اقسام میں بھی ایسا ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کے جسم میں ان سفید خلیوں کی تعداد کم ہو جائے، تو ایک معمولی سی انفیکشن بھی بگڑ سکتی ہے۔ اس سے چند گھنٹوں می موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔

## عفونت کا عمل کب ہو سکتا ہے؟

کوئی انفیکشن یا عفونت کسی بھی وقت ہو سکتی ہے۔ آپ کو خطرہ اس وقت سب سے زیادہ ہوتا ہے جب آپ کے خون میں نیوٹروفلز کی تعداد کم ہو عین وقت مختلف ہو سکتا ہے، لہٰذا اپنی ہسپتال کی ٹیم سے پوچھیں کہ آپ کب سب سے زیادہ خطرے پر ہوتے ہیں۔

## مجھے عفونت ہونے کا خطرہ کیا ہے؟

آپ کو ہونے والی انفیکشن اور عفونت کا انحصار آپ کے زیر استعمال کینسر کی دوا پر ہوتا ہے۔ اس کا تعلق درج ذیل سے بھی ہے:

- آپ کو لاحق ہونے والے کینسر کی قسم
- کینسر کا درجہ
- آپ کی عمر
- آپ کی عمومی صحت۔

## کیا میرا جسم عفونت سے بچ سکتا ہے؟

آپ خون کے سفید خلیوں میں کمی آنے کے عمل کو نہیں روک سکتے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ عفونت کو نہیں روک سکتے۔

**اگر آپ پریشان ہوں، تو سب سے اہم کام جو آپ کر سکتے ہیں، وہ اپنی ہسپتال کی ٹیم کی 24 گھنٹے ہیلپ لائن پر فوری پر کال کرنا ہے۔**

اس سے آپ انفیکشن سے پیدا ہونے والے گھمبیر مسائل کے خطرے میں کمی لا سکتے ہیں اور آپ کی زندگی بچ سکتی ہے۔

## میں اپنی مدد خود کیسے کر سکتا ہوں؟

آپ کو اپنی ہسپتال کی ٹیم کا 24 گھنٹے کا ہیلپ لائن نمبر ہر وقت اپنے پاس رکھنا چاہیے۔ نمبر کو اپنے موبائل فون میں محفوظ کر لیں۔آپ اپنے خاندان اور دوستوں کو بھی اس نمبر کو محفوظ رکھنے کا کہہ سکتے ہیں۔ آپ کی کینسر کی قسم کے لحاظ سے آپ کی ہسپتال کی ٹیم یا کینسر ٹیم ہو گی یا پھر ہیماٹالوجی ٹیم بھی ہو سکتی ہے۔

**تاخیر نہ کریں – دیر کرنے کے بجائے ہسپتال کو ہمیشہ جلدی فون کریں۔ اگر علاج جلدی شروع ہو جائے، تو عفونت کا علاج آسان ہوتا ہے۔**

آپ درج ذیل طریقوں سے بھی اپنی مدد کر سکتے ہیں:

- اپنے اہل خانہ، دوستوں اور رفقائے کار کو بتائیں کہ آپ کو عفونت کا خطرہ ہے۔
- فورًا ہسپتال پہنچے کا منصوبہ بنا کر رکھیں مثلًا آپ کے بچوں کا خیال کون رکھے گا یا ہسپتال لے کر جانے میں آپ کی مدد کون کرے گا۔
- اپنے علاج اور پچھلی مرتبہ علاج کروانے کا ریکارڈ رکھیں۔
- کسی انفیکشن کی ابتدائی علامات پر نظر رکھیں۔ اس معلومات میں ہم نے ان کی وضاحت کی ہے۔
- عفونت کی علامات کی جانچ کریں۔ اس معلومات میں ہم نے ان کی وضاحت کی ہے۔
- اگر آپ میں انفیکشن کی کوئی علامات پائی جاتی ہوں، تو اپنی کینسر ٹیم کو فوری طور پر کال کریں۔

یہ جاننا مشکل ہو سکتا ہے کہ آیا آپ کی علامات انفکیشن کی وجہ سے ہیں یا یہ علاج کے ضمنی اثرات ہیں۔ اپنی ہسپتال ٹیم سے رابطہ کرنے میں تاخیر نہ کریں۔ نہ آپ کو اور نہ آپ کے ڈاکٹر کو معلوم ہو سکتا ہے کہ کون سی انفیکشنز کی وجہ سے عفونت ہو سکتی ہے۔ کینسر کے دوران ہونے والی تمام انفیکشنز کا فوری علاج کیا جاتا ہے۔

کوئی بھی انفیکشن خود بخود ٹھیک نہیں ہوتی۔ انفیکشن شروع میں اینٹی بائیوٹکس کے ساتھ آسانی سے ٹھیک ہو سکتی ہے۔ مگر انفیکشن کے علاج میں تاخیر خطرناک ہو سکتی ہے۔

## کینسر کے علاج سے پہلے اپنی دیکھ بھال کرنا

درج ذیل کام کر کے آپ اپنے علاج سے پہلے اپنا فائدہ کر سکتے ہیں:

- اپنے ڈاکٹر یا نرس کے ساتھ فلو (زکام) کی ویکسین اور کووڈ کی ویکسین لگوانے کے بارے میں بات کریں۔ آپ کے ساتھ رہنے والے بالغان کو بھی یہ ویکسینیں لگوانی چاہیں۔
- ایک تھرمامیٹر خرید لیں تاکہ آپ گھر پر اپنا بخار چیک کر سکیں۔
- کینسر کا علاج شروع ہونے سے پہلے اپنے دانتوں کا معائنہ کرا لیں۔

## کینسر کے علاج کے دوران اپنی دیکھ بھال کرنا

اپنی زندگی معمول کے مطابق گزارنے سے نہ گھبرائیں۔ آپ کو خاندان اور گھر والوں سے گریز کرنے کی ضرورت نہیں ہے، ماسوائے یہ کہ وہ بیمار ہوں۔ کیموتھراپی کے دوران ہونے والی انفیکشنز عام طور پر انہی بیکٹیریا سے ہو جاتی ہے جو قدرتی طور پر آپ کے اپنے جسم میں پائے جاتے ہیں۔

درج ذیل کام کر کے آپ اپنے علاج کے دوران اپنی مدد خود کر سکتے ہیں:

- بیمار لوگوں، مثلاً کورونا وائرس، چیچک، روڑے (شنگلز)، پیچش یا بخار کے مریضوں سے دور رہنے کی کوشش کریں۔
- اگر آپ کا انفیکشن کے حامل لوگوں سے سامنا ہو جائے، تو اپنی ہسپتال کی ٹیم کی ہیلپ لائن کو کال کریں۔
- اپنی غذاء کے متعلق مشوروں پر عمل کریں۔ سب مریضوں کو اپنی غذاء میں تبدیلی کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اگر آپ کی غذاء میں تبدیلی کی ضرورت ہوئی، تو آپ کو یہ بات آپ کے علاج کے آغاز میں بتا دی جائے گی۔
- کچھ بھی کھانے سے پہلے اور بعد میں اور ٹائیلٹ استعمال کرنے کے بعد اپنے ہاتھ ضرور دھوئیں۔
- جانوروں کا فضلہ وغیرہ صاف کرنے کے بعد فورًا اپنے ہاتھوں کو دھوئیں۔
- اگر آپ کو باغبانی یا دیگر کسی سرگرمی میں زخم لگنے کا خطرہ ہو، تو صاف ستھرے دستانے پہنیں۔
- ہر قسم کے زخموں اور خراشوں کو فورًا صاف کریں اور ان پر پلستر وغیرہ لگا دیں۔
- دن میں کم از کم دو مرتبہ اپنے دانت صاف کریں۔
- کھانا درست درجہ حرارت پر پکائیں اور درست درجہ حرارت پر ہی ذخیرہ کریں۔

## انفیکشن کی وہ علامات جن سے عفونت ہو سکتی ہے

اگر آپ میں انفیکشن کی درج ذیل میں سے کوئی علامت ہو، تو فورًا اپنی ہسپتال ٹیم کو کال کریں

- آپ معمول سے بری طبیعت محسوس کریں۔
- آپ کا درجہ حرارت 37.5°C (99.5°F) یا اس سے زیادہ ہو۔
- آپ کا درجہ حرارت 36°C (96.8°F) سے کم ہو جاتا ہے۔
- آپ کانپ رہے ہوں، بہت ٹھنڈ لگ رہی ہو اور جسم گرم نہ ہوتا ہو، جیسا آپ کے ساتھ فلو (زکام) میں ہوتا ہے۔
- آپ کو پیچش لگ جائیں: اس کا مطلب ہے کہ معمول سے زیادہ پاخانے آنا یا پانی والے پاخانے یا دست آنا۔ اگر آپ کے جسم میں کوئی پھوڑا ہو، تو یہ معمول سے زیادہ فعال ہو سکتا ہے۔

انفیکشن کی کچھ ایسی اقسام بھی ہوتی ہیں جن کی علامات مختلف ہو سکتی ہیں۔ اگر آپ میں درج ذیل میں سے کوئی علامت موجود ہو، تو فورًا اپنی ہسپتال ٹیم سے رابطہ کریں:

**پیشاب کی انفیکشن کی علامات**

- پیشاب کرتے وقت آپ کو درد یا تکلیف ہوتی ہو
- معمول سے زیادہ پیشاب آتا ہو
- ایسا محسوس ہونا کہ شاید پیشاب کرنے کے بعد آپ کا مثانہ خالی نہیں ہوا
- اپنا مثانہ خالی کرنے کے لیے انتظار نہ کر سکنا
- پیشاب رِسنا (غیر ارادی)
- آپ کے شکم (پیٹ) کے زیریں حصے میں درد
- پیشاب کا غبار آلود یا بدبودار ہونا، جس میں خون آتا ہو۔

**چھاتی کی انفیکشن کی علامات**

- سانس اکھڑنے کا احساس
- چھاتی دُکھنا
- کھانسی میں سبز رنگ کا بلغم آنا۔

**جلد کی انفیکشن کی علامات۔**

- سرخی، گرمائش، سوجن یا درد (خاص طور پرPICC لائن، سنٹرل لائن، گھاؤ یا زخم) کے ارد گرد۔

**دانتوں کی انفیکشن کی علامات**

- آپ کے دانتوں یا مسوڑوں میں دھڑکنے والا درد جو اچانک شروع ہوتا ہے اور بتدریج تیز ہوتا ہے
- ایسا درد جو آپ کے کان، جبڑے اور گردن میں اسی جانب پھیلتا ہے جس جانب دانت یا مسوڑے میں تکلیف ہو
- آپ کے چہرے پر سرخی یا سوجن۔

## عفونت کی تاخیری علامات – 999 پر کال کریں

اگر آپ میں عفونت کی تاخیری علامات پائی جاتی ہیں، تو آپ کو فوری طور پر طبی مدد کی ضرورت ہے۔ اپنی جان بچانے اور اپنے جسم کو پہنچنے والے شدید نقصان سے بچنے کے لیے آپ کو طبی مدد کی ضرورت ہے۔

اگر آپ میں درج ذیل میں سے کوئی علامات ہو، تو 999 پر کال کریں:

- بول چال میں دشواری یا الجھن
- انتہائی کپکپی یا عضلاتی درد
- پورا دن پیشاب نہ آنا
- شدید سانس اکھڑنا
- جلد کی پژمردگی یا رنگ خراب ہونا
- طبیعت انتہائی ناساز محسوس کرنا - جیسا آپ نے شاید اس سے پہلے کبھی محسوس نہ کیا ہو۔

## اپنی ہسپتال کی ٹیم کو کال کرنے پر کیا ہو گا؟

**بذریعہ ٹیلیفون جائزہ**
آپ کی ہسپتال ٹیم آپ سے آپ کی علامات اور درجہ حرارت کے بارے میں پوچھے گی۔ ہو سکتا ہے کہ وہ آپ کو فورًا ہسپتال پہنچنے کا کہیں اور آپ کو وہاں پر داخل کر لیا جائے۔ جلد سے جلد ہسپتال پہنچنا ضروری ہوتا ہے تاکہ آپ کا معائنہ کیا جائے اور اگر ضرورت ہو، تو آپ کا علاج کیا جائے۔

**ہسپتال کا جائزہ**
ہسپتال کی ٹیم آپ کا ایک ہنگامی حالت کے طور پر علاج کرے گی۔ ہسپتال کی ٹیم درج ذیل کام کر سکتی ہے:

- آپ کا معائنہ کرنا
- آپ کے خون میں سفید خلیات کی تعداد معلوم کرنے کے لیے آپ کے خون کا نمونہ لینا
- آپ کی علامات کے مطابق، کچھ دیگر ٹیسٹوں کا بندوبست کرنا
- یہ فیصلہ کرنا کہ آیا آپ کے خون میں نیوٹروفلز کی تعداد بہت کم تو نہیں ہے اور یہ کہ آپ کو کوئی انفیکشن تو نہیں ہے یا عفونت کی کوئی علامات تو موجود نہیں ہیں۔
- آپ کی آمد کے 1 گھنٹے کے اندر آپ کو بذریعہ انجیکشن یا ڈرپ کے ذریعے آپ کے خون میں (درون وریدی) اینٹی بائیوٹکس ادویات دینا

**علاج کے انتخابات**
عفونت کے حامل زیادہ تر لوگوں کو خون میں اینٹی بائیوٹکس ادویات لگانے کی وجہ سے ہسپتال میں رکھا جائے گا۔

آپ کی ہسپتال کی ٹیم آپ کو درکار اینٹی بائیوٹک علاج اور اس کی مدت استعمال کے بارے میں بتائے گی۔ وہ آپ کو یہ بھی بتائیں گے کہ علاج کے لیے آپ کو ہسپتال میں کتنے دن ٹھہرنا ہو گا۔

اگر آپ کی انفیکشن زیادہ بگڑنے کا امکان نہ ہوا، تو ہو سکتا ہے کہ ہسپتال ٹیم آپ کو اینٹی بائیوٹک گولیاں گھر پر استعمال کرنے کے لیے تجویز کر دے۔ وہ آپ کو بتائیں گے کہ اگر آپ کو کوئی مسائل ہوئے، تو جلدی سے ہسپتال واپس جانا کتنا ضروری ہے۔

## اپنے لیے درست نگہداشت اور معاونت حاصل کرنا

اگر آپ کو کینسر ہو اور انگریزی نہ بولتے ہوں، تو آپ فکر مند ہو سکتے ہیں کہ اس سے آپ کے کینسر کے علاج اور نگہداشت پر اثر پڑے گا۔ مگر آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم کو آپ کو ایسی نگہداشت، معاونت اور معلومات فراہم کرنی چاہیں، جن سے آپ کی ضروریات پوری ہوتی ہوں۔

ہم جانتے ہیں کہ بعض اوقات لوگوں کو درست معاونت حاصل کرنے میں زیاہ مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مثلًا، اگر آپ کام کرتے ہوں یا آپ کا خاندان ہو، تو ہسپتال کی اپوائنٹمنٹس پر جانے کے لیے وقت نکالنا مشکل ہو سکتا ہے۔ آپ کو پیسوں اور نقل و حمل کے اخراجات کے متعلق بھی پریشانیاں ہو سکتی ہیں۔ یہ تمام چیزیں دباؤ کی وجہ اور نمٹنے میں مشکل ہو سکتی ہیں۔

مگر مدد دستیاب ہے۔ ہماری معاونت کے لیے مفت لائین **0808 808 00 00** آپ کی زبان میں آپ کی صورتحال کے متعلق مشورہ فراہم کر سکتی ہے۔ آپ نرسوں، مالیاتی رہنماؤں، بہبود کے حقوق کے مشیران اور کام میں معاونت کے مشیران سے بات کر سکتے ہیں۔

ہم کینسر کے حامل افراد کو میک ملن گرانٹس (Macmillan Grants) بھی فراہم کرتے ہیں۔ یہ ایک مرتبہ کی ادائیگیاں ہوتی ہیں، جنہیں ہسپتال میں پارکنگ، سفری اخراجات، بچوں کی نگہداشت یا گھر گرم کرنے کے بلز کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

## میک ملن (Macmillan) آپ کی مدد کیسے کر سکتی ہے

میک ملن (Macmillan) میں، ہم جانتے ہیں کہ کینسر کی تشخیص کیسے ہر چیز کو متاثر کر سکتی ہے اور اسی لیے ہم آپ کی معاونت کے لیے موجود ہیں۔

**میک ملن سپورٹ لائین (Macmillan Support Line)**
ہمارے پاس ترجمان موجود ہیں، لہٰذا آپ ہمارے ساتھ اپنی زبان میں بات کر سکتے/سکتی ہیں۔ آپ جو زبان استعمال کرنا چاہتے/چاہتی ہیں، ہمیں صرف انگریزی میں اس کا نام بتائیں۔ ہم طبی سوالات میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں، مالیاتی معاونت کے متعلق معلومات دے سکتے ہیں یا اگر آپ کو بات کرنے کے لیے کوئی شخص چاہیے ہو، تو سننے کے لیے موجود ہو سکتے ہیں۔ مفت، زازدارانہ فون لائن ہفتہ کے 7 دن، صبح 8 تا شام 8 بجے تک کھلی ہوتی ہے۔ ہمیں **0808 808 00 00** پر کال کریں۔

**ویب چیٹ**
آپ ہمیں یہ لکھ کر ایک ویب چیٹ پیغام بھیج سکتے ہیں کہ آپ کو ایک ترجمان درکار ہے۔ ہمیں انگریزی میں اس زبان کا نام بتائیں، جو آپ کو ضرورت ہو اور ہم آپ کے ساتھ رابطہ کرنے کے لیے کسی شخص کا انتظام کر لیں گے۔ 'ہم سے بات کریں' کے بٹن پر کلک کریں، جو پوری ویب سائیٹ کے صفحات پر نظر آتا ہے۔ یا **macmillan.org.uk/talktous** پر جائیں

**میک ملن (Macmillan) ویب سائیٹ**
ہماری ویب سائیٹ پر کینسر سے متعلق کافی ساری معلومات موجود ہیں۔ دیگر زبانوں میں بھی مزید معلومات **macmillan.org.uk/translations** پر موجود ہیں

ہم آپ کے لیے ترجموں کا انتظام بھی کر سکتے ہیں۔ ہمیں ای میل کریں: **cancerinformationteam@macmillan.org.uk** اور بتائیں کہ آپ کو کس چیز کی ضرورت ہے۔

**معلوماتی سینٹر**
ہمارے معلوماتی اور معاونتی سینٹرز ہسپتالوں، لائبریریز اور موبائل سینٹرز میں مبنی ہیں۔ اپنی ضرورت کی معلومات حاصل کرنے اور کسی سے بالمشافہ بات کرنے کے لیے ایک میں تشریف لے آئیں۔ اپنا قریب ترین مرکز **macmillan.org.uk/informationcentres** پر تلاش کریں یا ہمیں **0808 808 00 00** پر کال کریں۔

**مقامی مدد کے گروپ**
آپ مدد کے کسی گروپ میں آپ ایسے دیگر افراد سے بات چیت کر سکتے/سکتی ہیں جو کینسر سے متاثرہ ہوں۔ اپنے علاقے میں مدد کے گروپس کے متعلق مزید جاننے کے لیے **macmillan.org.uk/supportgroups** ملاحظہ کریں یا ہمیں **0808 808 00 00** پر کال کریں۔

**میک ملن (Macmillan) آن لائن کمیونٹی**
آپ کینسر سے متاثرہ دیگر لوگوں سے **macmillan.org.uk/community** پر آن لائن بھی بات کر سکتے/سکتی ہیں۔ آپ دن یا رات کے کسی بھی وقت اس تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے تجربات شیئر کر سکتے ہیں، سوالات پوچھ سکتے ہیں یا صرف لوگوں کی پوسٹس بھی پڑھ سکتے ہیں۔

# الفاظ کی فہرست

| لفظ | انگریزی میں | انگریزی میں کیسے بولنا ہے | معنی |
|---|---|---|---|
| اینٹی بائیوٹکس | Antibiotics | اینٹی بائیوٹکس | وہ دوا جو **انفیکشن** کا علاج کرتی ہے۔ |
| مثانہ | Bladder | بلیڈر | آپ کے جسم کا وہ عضو جو پیشاب کا ذخیرہ کرتا ہے جب تک آپ ٹوائلٹ نہیں جاتے ہیں۔ |
| خلیات | Cells | سیلز | یہ چھوٹی اینٹوں کی مانند ہوتے ہیں، جن سے ہمارے جسم کے اعضاء اور بافتیں بنتی ہیں۔ |
| سنٹرل لائن | Central line | سنٹرل لائن | ایک پتلی ٹیوب جو آپ کی چھاتی میں ورید سے ڈالی جاتی ہے۔ یہ **کیمو تھراپی** دینے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ایک حصہ جسم کے باہر رہتا ہے۔ |
| کیموتھراپی | Chemotherapy | کیمو تھراپی | کینسر کا ایک علاج، جو ادویات کے استعمال سے کینسر کے خلیوں کو مارتا ہے۔ |
| چیچک | Chicken pox | چکن پاکس | ایک انفیکشن جس میں **بخار**، جلد پر خراش اور خارش شروع ہو جاتی ہے۔ لوگوں کو یہ عام طور پر بچپن میں ہوتا ہے۔ |
| کوویڈ ویکسین | Covid vaccine | کوویڈ ویکسین | ایک ویکسین جو آپ کو کووِڈ (کورونا وائرس) سے بچانے میں مدد دیتی ہے۔ |
| پیچش | Diarrhoea | ڈائریا | 24 گھنٹوں میں 4 یا اس سے زیادہ مرتبہ پانی نما نرم پاخانوں کی ضرورت پیش آنا۔ |
| بخار | Fever | فیور | جب **انفیکشن** سے لڑائی کے دوران آپ کے جسم کا درجہ حرارت معمول سے زیادہ ہو جاتا ہے۔ اس کی وجہ سے آپ کے پسینے چھوٹ سکتے ہیں اور آپ کمزوری اور چکر محسوس ہو سکتے ہیں۔ |
| فلو (زکام) | Flu (influenza) | فلو (انفلوئنزا) | پھیپھڑوں اور ہوا کی نالیوں (وہ راستے جن سے ہم سانس لیتے ہیں) کی ایک انفیکشن۔ اس میں آپ کو **بخار** اور جسم میں درد بھی ہو سکتے ہیں۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فلو ویکسین | Flu vaccine | فلو ویکسین | ایسی ویکسین جو آپ کو فلو (زکام) ہونے سے محفوظ رکھتی ہے۔ |
| ہسپتال ٹیم | Hospital team | ہاسپٹل ٹیم | ڈاکٹروں، نرسوں اور دیگر پیشہ وارانہ ماہرین کی ٹیم جو ہسپتال میں آپ کی دیکھ بھال کریں گے۔ |
| انفیکشن | Infection | انفیکشن | جب بیکٹیریا آپ کے جسم میں گھس جاتا ہے اور کسی بیماری کی وجہ بنتا ہے۔ |
| نیوٹروفلز | Neutrophils | نیوٹروفلز | انفیکشن سے لڑنے والی خون کے سفید خلیوں کی ایک قسم۔ |
| پی آئی سی سی لائن | PICC line | پی آئی سی سی لائن | ایک پتلی ٹیوب جو آپ کے بازو سے ورید میں ڈالی جاتی ہے۔ یہ **کیمو تھراپی** دینے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ایک حصہ جسم کے باہر رہتا ہے۔ |
| خون کے سرخ خلیے | Red blood cells | ریڈ بلڈ سیلز | ہمارے خون میں وہ **خلیے جو جسم میں آکسیجن کو گردش کراتے ہیں۔** |
| ضمنی اثرات | Side effects | سائیڈ افیکٹس | کینسر کے علاج کے ناخوشگوار اثرات مثلًا بال گرنا، بیمار یا تھکا ہوا محسوس کرنا۔ |
| ویکسین | Vaccine | ویکسین | ایک ایسا علاج جس کا مقصد آپ کے جسم کو کسی خاص **انفیکشن** سے تحفظ (مدافعت) فراہم کرنا ہوتا ہے۔ یہ اکثر بذریعہ ٹیکہ لگائی جاتی ہے۔ |
| خون کے سفید خلیے | White blood cells | وائٹ بلڈ سیلز | ہمارے خون کے **خلیے جو** انفیکشن **سے لڑتے ہیں۔** |

## آپ کی زبان میں مزید معلومات

ہمارے پاس درج ذیل موضوعات کے متعلق آپ کی زبان میں معلومات موجود ہیں:

| **کینسر کی اقسام** | **کینسر کے ساتھ رہنا** |
|---|---|
| • چھاتی کا کینسر<br>• بڑی آنت کا کینسر<br>• پھیپھڑوں کا کینسر<br>• پراسٹیٹ کینسر<br><br>**علاج**<br><br>• کیمو تھراپی<br>• ریڈیو تھراپی<br>• سرجری | • کینسر اور کورونا وائرس<br>• اگر آپ کو کینسر ہے تو فوائد کے لیے دعویٰ کرنا<br>• کھانے پینے کے مسائل اور کینسر<br>• زندگی کا اختتام<br>• صحت بخش غذا<br>• اگر آپ کو کینسر ہے تو آپ کے لئے اخراجات میں مدد<br>• اگر آپ میں کینسر کی تشخیص ہو جائے – ایک فوری رہنماء کتابچہ<br>• عفونت (سیپسِس) اور کینسر<br>• کینسر کے علاج کے مضر اثرات<br>• |

یہ معلومات ملاحظہ کرنے کے لیے، درج ذیل پر جائیں **macmillan.org.uk/translations**

## حوالہ جات اور تشکرات

یہ معلومات میک ملن کینسر اسپورٹ (Macmillan Cancer Support) کی کینسر انفارمیشن ڈویلپمنٹ ٹیم کی جانب سے تحریر اور مرتب کی گئی ہیں۔ ترجمہ کرنے والی ایک کمپنی نے اس کا ترجمہ کیا ہے۔

اس میں موجود معلومات میک ملن (Macmillan) کے کتابچہ **دی کینسر ٹریٹمنٹس اینڈ سیپسِس** پر مبنی ہے۔ ہم آپ کو ان کی نقل بھیج سکتے ہیں مگر مکمل کتابچہ صرف انگریزی میں دستیاب ہے۔

اس کتابچہ میں موجود معلومات متعلقہ ماہرین اور ہمارے چیف میڈیکل ایڈیٹر پروفیسر ٹم آئیوسن کنسلٹنٹ آنکالوجسٹ اور میک ملن چیف میڈیکل ایڈیٹر کی طرف سے تصدیق شدہ ہے۔

کینسر سے متاثرہ ان لوگوں کا بھی شکریہ جنہوں نے اس معلومات پر نظر ثانی کی۔

ہماری تمام معلومات دستیاب شدہ بہترین شواہد کی بنیاد پر ہیں۔ ہمارے استعمال کیے گئے ذرائع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہم سے **cancerinformationteam@macmillan.org.uk** پر رابطہ کریں

MAC18335_Urdu

مواد پر نظرثانی: 2022

اگلی منصوبہ بند نظر ثانی: 2025

ہم یہ یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کرتے ہیں کہ ہم جو معلومات فراہم کریں، وہ درست اور تازہ ترین ہوں، لیکن اس پر ماہرانہ پیشہ ورانہ مشورے، جو آپ کی صورتحال کے مطابق دیا جاتا ہے، کے متبادل کے طور پر انحصار نہیں کرنا چاہیئے۔ جہاں تک قانون اجازت دیتا ہے، میک ملن (Macmillan) اس اشاعت یا اس میں شامل کی گئی یا حوالہ دی گئی تیسرے فریق کی ویب سائٹس پر موجود کسی بھی معلومات کے استعمال کے حوالے سے کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتی۔

© Macmillan Cancer Support 2022، انگلینڈ اینڈ ویلز (261017)، اسکاٹ لینڈ (SC039907) اور دی آئل آف مین (604) میں رجسٹرڈ چیریٹی۔ شمالی آئرلینڈ میں بھی کام کر رہی ہے۔ ضمانت کے تحت ایک لمیٹڈ کمپنی، برطانیہ اور ویلز میں رجسٹر شدہ کمپنی نمبر 2400969۔ آئل آف مین کمپنی نمبر 4694F۔ رجسٹرڈ دفتر: Albert Embankment, London SE1 7UQ 89۔

# Sepsis and cancer

Cancer and some cancer treatments can increase your risk of sepsis. This leaflet explains:

- what sepsis is
- when you need to contact your hospital team
- what you can do to protect yourself.

Any words that are underlined are explained in the word list at the end. The word list also includes how to say the words in English.

If you have any questions about this information, ask your doctor or nurse at the hospital where you are having treatment.

You can also call Macmillan Cancer Support on freephone **0808 808 00 00**, 7 days a week, 8am to 8pm. We have interpreters, so you can speak to us in your own language. When you call us, please tell us in English which language you need.

There is more cancer information in other languages at **macmillan.org.uk/translations**

## This information is about:

- What is sepsis?
- Why might I get sepsis?
- When might sepsis happen?
- What is my risk of getting sepsis?
- Can I prevent sepsis?
- How can I help myself?
- Looking after yourself before cancer treatment
- Looking after yourself during cancer treatment
- Symptoms of an infection that may lead to sepsis
- Later symptoms of sepsis – call 999
- What will happen when I call my hospital team?
- Getting the right care and support for you
- How Macmillan can help you
- Word list
- More information in your language
- References and thanks

## What is sepsis?

Sepsis is sometimes called blood poisoning. It happens when your body reacts to an infection and attacks its own organs and tissues..

Sepsis needs to be treated in hospital quickly. People can die from sepsis if it is not treated early.

When sepsis is treated quickly, most people make a full recovery

## Why might I get sepsis?

Cancer and some cancer treatments can make your body unable to fight infections.

Our bodies are made up of tiny building blocks called cells. Our blood is made of cells, including red blood cells and white blood cells.

A type of white blood cell helps our bodies to fight infection. These cells are called neutrophils. Some cancer treatments reduce the number of these white blood cells in our bodies. This is most common if you have chemotherapy, but it can happen with other cancer treatments too.

If you have a low number of these neutrophils, a minor infection can become very serious. It could cause death within a few hours.

## When might sepsis happen?

An infection or sepsis can happen at any time. Your risk is usually highest when the number of neutrophils in your blood is low The exact time can vary, so ask your hospital team when you are most at risk.

## What is my risk of getting sepsis?

Your risk of infection and sepsis depends on the type of cancer drugs you are having. It also depends on:

- the type of cancer you have
- the stage of the cancer
- your age
- your general health.

## Can I prevent sepsis?

You cannot stop the number of white blood cells from getting lower. This means you cannot prevent sepsis.

**The most important thing you can do is call your hospital team's 24-hour helpline straight away if you are worried**.

This reduces your risk of developing a serious problem from an infection and can save your life.

## How can I help myself?

You should keep your hospital team's 24-hour helpline number with you at all times. Save the number in your mobile phone. You can also ask family and friends to keep a note of the number. Your hospital team will be either a cancer team or a haematology team, depending on the type of cancer you have.

**Do not delay – always call the hospital sooner rather than later. Sepsis is easy to treat if the treatment starts early.**

These are also other ways you can help yourself:

- Tell your family, friends and work colleagues about your risk of sepsis.
- Plan how you would get to hospital quickly, for example who would look after your children or help you to get to hospital.
- Keep a record of the treatment you are having and when you last had it.
- Check for early symptoms of an infection. We describe these in this information.
- Check for the symptoms of sepsis. We describe these in this information.
- Call your cancer team urgently if you have any symptoms of infection.

It can be difficult to know if the symptoms you have are an infection or a treatment side effect. Do not delay contacting your hospital team. Neither you or your doctor can tell which infections might lead to sepsis. All infections people get during cancer treatment are treated urgently.

Infections do not get better on their own. Early infections can be treated easily with antibiotics. But delaying treatment for an infection can be dangerous.

## Looking after yourself before cancer treatment

You can look after yourself before treatment by doing the following:

- Talk to your doctor or nurse about getting the flu (influenza) vaccine and covid vaccine. Adults you live with should also get these vaccines.
- Buy a thermometer, so you can check your temperature at home.
- Have a dental check before you start cancer treatment.

## Looking after yourself during cancer treatment

Do not be afraid to live your life as normal. You do not need to avoid family and friends, unless they are unwell. Infections during chemotherapy are usually caused by bacteria that are naturally present in your own body.

You can help yourself during treatment by doing the following:

- Avoid people who are unwell, for example people with coronavirus, chicken pox, shingles, diarrhoea or a fever.
- Call your hospital team's helpline if you have been exposed to people with an infection.
- Follow any advice you are given about your diet. Not all patients need to make changes to their diet. If you need to change your diet, you will be told about this at the start of your treatment.
- Wash your hands before and after you eat and wash your hands after using the toilet.
- Wash your hands straight away after touching or removing animal waste.
- Use clean gloves for gardening and any other activities where you might cut yourself.
- Clean any cuts or grazes straight away and cover them with a plaster.
- Clean your teeth at least twice a day.
- Cook food at the correct temperature and store food at the correct temperature.

## Symptoms of an infection that may lead to sepsis

Contact your hospital team urgently if you have any of the following symptoms of infection:

- You feel less well than normal.
- Your temperature goes over 37.5°C (99.5°F).
- Your temperature goes below 36°C (96.8°F).
- You feel shivery, freezing cold and unable to get warm, like when you have ‘flu (influenza).
- You have diarrhoea. This means passing more stools (poo) than is usual for you or having watery or loose stools. If you have a stoma, it will be more active than usual.

There are some types of infection that have other symptoms. You should contact your hospital team urgently if you have any of these symptoms:

**Symptoms of a urine infection**

- pain or discomfort when you pee (pass urine)
- peeing more often than usual
- feeling that your bladder is not empty after peeing
- being unable to wait to empty your bladder
- leaking urine (incontinence)
- pain low down in your tummy area (abdomen)
- urine that is cloudy or foul smelling, or that contains blood.

**Symptoms of a chest infection**

- feeling short of breath
- having a sore chest
- coughing up green phlegm.

**Symptoms of a skin infection**.

- redness, heat, swelling or pain (especially around a PICC line, central line, cut or wound).

**Symptoms of a tooth infection**

- throbbing pain in your tooth or gum that may start suddenly and slowly gets worse
- pain that spreads to your ear, jaw and neck on the same side as the painful tooth or gum
- redness or swelling in your face.

## Later symptoms of sepsis – call 999

If you have the later symptoms of sepsis, you need medical help straightaway. You need medical help to save your life and prevent serious damage to your body.

If you have any of these symptoms, call 999:

- slurred speech or confusion
- extreme shivering or muscle pain
- passing no urine in a day
- severe shortness of breath
- skin that is mottled or discoloured
- feeling generally very unwell – it may be the worst you have ever felt.

## What will happen when I call my hospital team?

**Telephone assessment**

Your hospital team will ask about your symptoms and your temperature. They might ask you to go to hospital urgently and you might have to stay in. It is important to go to the hospital as soon as possible, so you can be seen and given treatment if needed.

**Hospital assessment**
The hospital team will treat you as an emergency. The hospital team are likely to:

- examine you
- take some blood, including a sample to find out the number of white blood cells in your blood
- arrange other tests, depending on the signs and symptoms you have
- decide whether you have too low a number of neutrophils and whether you have an infection or signs of sepsis.
- give you antibiotics by injection or through a drip into your bloodstream (intravenously) within 1 hour of your arrival

**Treatment options**
Most people with sepsis will stay in hospital for antibiotic treatment into their bloodstream.

Your hospital team will talk to you about what antibiotic treatment you need and for how long. They will also talk to you about how long you might need to stay in hospital for.

If you are unlikely to have any problems from your infection, the hospital team might give you antibiotic tablets to take at home instead. They will tell you how important it is to go back to hospital quickly if you have any problems.

## Getting the right care and support for you

If you have cancer and do not speak English, you may be worried that this will affect your cancer treatment and care. But your healthcare team should offer you care, support and information that meets your needs.

We know that sometimes people may face extra challenges in getting the right support. For example, if you work or have a family it can be hard to find time to go to hospital appointments. You might also have worries about money and transport costs. All of this can be stressful and hard to cope with.

But help is available. Our free support line **0808 808 00 00** can offer advice, in your language, about your situation. You can speak to nurses, financial guides, welfare rights advisers and work support advisers.

We also offer Macmillan Grants to people with cancer. These are one-off payments that can be used for things like hospital parking, travel costs, childcare or heating bills.

## How Macmillan can help you

At Macmillan, we know how a cancer diagnosis can affect everything, and we are here to support you.

**Macmillan Support Line**
We have interpreters, so you can speak to us in your language. Just tell us, in English, the language you want to use. We can help with medical questions, give you information about financial support, or be there to listen if you need someone to talk to. The free, confidential phone line is open 7 days a week, 8am to 8pm. Call us on **0808 808 00 00**.

**Web chat**
You can send us a web chat message saying you would like an interpreter. Tell us, in English, the language you need, and we will arrange for someone to contact you. Click on the 'Chat to us' button, which appears on pages across the website. Or go to **macmillan.org.uk/talktous**

**Macmillan website**
Our website has lots of information in English about cancer. There is also more information in other languages at **macmillan.org.uk/translations**

We can also arrange translations just for you. Email us at **cancerinformationteam@macmillan.org.uk** to tell us what you need.

**Information centres**
Our information and support centres are based in hospitals, libraries and mobile centres. Visit one to get the information you need and speak with someone face to face. Find your nearest centre at **macmillan.org.uk/informationcentres** or call us on **0808 808 00 00**.

**Local support groups**
At a support group, you can talk to other people affected by cancer. Find out about support groups in your area at **macmillan.org.uk/supportgroups** or call us on **0808 808 00 00**.

**Macmillan Online Community**
You can also talk to other people affected by cancer online at **macmillan.org.uk/community** You can access it at any time of day or night. You can share your experiences, ask questions, or just read through people's posts.

## Word list

| Word | Meaning |
|---|---|
| Antibiotics | Medicine that treats an infection. |
| Bladder | The organ in your body that stores urine until you go to the toilet. |
| Cells | The tiny building blocks that make up the organs and tissues of our bodies. |
| Central line | A thin tube that goes into a vein in your chest. It is used to give chemotherapy. One end stays outside the body. |
| Chemotherapy | A cancer treatment that uses drugs to kill cancer cells. |
| Chicken pox | An infection that causes a fever, skin rash and itchy skin. People usually get this when they are a child. |
| Covid vaccine | A vaccine that helps protect you from covid (coronavirus). |
| Diarrhoea | Having 4 or more loose, watery bowel movements in 24 hours. |
| Fever | When your body temperature gets hotter than usual to fight an infection. This can also make you sweat and feel weak and dizzy. |
| Flu (influenza) | An infection of the lungs and airways (the passages we breathe through in our bodies). This can also cause fever and aches in your body. |
| Flu vaccine | A vaccine that protects you from getting the flu (influenza). |
| Hospital team | The team of doctors, nurses and other professionals who will look after you in hospital. |
| Infection | When bacteria gets into your body and causes an illness. |
| Neutrophils | A type of white blood cell that fights infection. |
| PICC line | A thin tube that goes into a vein in your arm. It is used to give chemotherapy. One end stays outside the body. |
| Red blood cells | Cells in our blood that carry oxygen around the body. |
| Side effects | Unwanted effects of cancer treatment, for example hair loss, feeling sick or tiredness. |
| Vaccine | A treatment that aims to give your body protection (immunity) from a particular infection. It is often given by injection. |
| White blood cells | Cells in our blood that fight infection. |

## More information in your language

We have information in your language about these topics:

| Living with cancer | Types of cancer |
|---|---|
| • Cancer and coronavirus<br>• Claiming benefits when you have cancer<br>• Eating problems and cancer<br>• End of life<br>• Healthy eating<br>• Help with costs when you have cancer<br>• If you’re diagnosed with cancer – A quick guide<br>• Sepsis and cancer<br>• Side effects of cancer treatment<br>• | • Breast cancer<br>• Large bowel cancer<br>• Lung cancer<br>• Prostate cancer<br>**Treatments**<br>• Chemotherapy<br>• Radiotherapy<br>• Surgery |

To see this information, go to **macmillan.org.uk/translations**

## References and thanks

This information has been written and edited by Macmillan Cancer Support's Cancer Information Development team. It has been translated by a translation company.

The information included is based on the Macmillan booklet **Cancer treatments and sepsis**. We can send you a copy, but the full booklet is only available in English.

The information in this booklet has been reviewed by relevant experts and approved by our Chief Medical Editor, Professor Tim Iveson, Consultant Medical Oncologist and Macmillan Chief Medical Editor.

Thanks also to the people affected by cancer who reviewed this information.

All our information is based on the best evidence available. For more information about the sources we use, please contact us at **cancerinformationteam@macmillan.org.uk**

MAC18335_Urdu

Content reviewed: 2022

Next planned review: 2025

We make every effort to ensure that the information we provide is accurate and up-to-date but it should not be relied upon as a substitute for specialist professional advice tailored to your situation. So far as is permitted by law, Macmillan does not accept liability in relation to the use of any information contained in this publication or third party information or websites included or referred to in it.

Macmillan Cancer Support 2022, registered charity in England and Wales (261017), Scotland © (SC039907) and the Isle of Man (604). Also operating in Northern Ireland. A company limited by guarantee, registered in England and Wales company number 2400969. Isle of Man company .number 4694F. Registered office: 89 Albert Embankment, London SE1 7UQ

Trusted Information Creator
Patient Information Forum